اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت

ماڈل سوالیہ پرچہ برائے سال 2024-23 ومابعد

Version Number | | | | |

حصّہ اول

وقت: 15 منٹ

کل نمبر: 10

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کو پہلے پندرہ منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: ہر سوال کے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اللہ تعالٰی کے تمام انبیاء کرام نے اپنی تبلیغ کا آغاز کس چیز کی اصلاح سے کیا؟

الف۔ عقائد ◯ ب۔ معاملات ◯

ج۔ عبادات ◯ د۔ اخلاق ◯

(ii) شرک کے معنی ——— کے ہیں۔

الف۔ برابر سمجھنا ◯ ب۔ ساجھے پن ◯

ج۔ ہمسر بنانا ◯ د۔ انکار کرنا ◯

(iii) وحی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

الف۔ پیغام دینا ◯ ب۔ اطلاع دینا ◯

ج۔ اشارہ کرنا ◯ د۔ خبر دینا ◯

(iv) آپ ﷺ نے کس مہینے کو مواسات اور غمگساری کا مہینہ قرار دیا؟

الف۔ ربیع الاول ◯ ب۔ محرم الحرام ◯

ج۔ ماہِ رمضان ◯ د۔ ماہِ ذی الحج ◯

(v) آپ ﷺ نے کن لوگوں کے بارے میں فرمایا: "اگر مجھے ان کے بیوی بچوں کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کے گھروں میں آگ لگوا دیتا"؟

الف۔ روزے نہ رکھنے والے ◯ ب۔ استطاعت کے باوجود حج نہ کرنے والے ◯

ج۔ نماز باجماعت کے لیے مسجد میں نہ پہنچنے والے ◯ د۔ سود کھانے والے ◯

(vi) حدیث مبارکہ کے مطابق وہ کون سی بری خصلت ہے جو نیکیوں کو یوں کھا جاتی ہے جیسے آگ خشک لکڑی کو؟

الف۔ غیبت ◯ ب۔ منافقت ◯

ج۔ تکبر ◯ د۔ حسد ◯

(vii) حدیث شریف کے مطابق شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ کون سا ہے؟

الف۔ قتل ناحق ◯ ب۔ جھوٹ بولنا ◯

ج۔ والدین کی نافرمانی ◯ د۔ وعدہ خلافی ◯

(viii) آپ ﷺ کس صحابی کرامؓ کے انتقال پر رو پڑے؟

الف۔ حضرت طلحہؓ ◯ ب۔ حضرت جعفرؓ ◯

ج۔ حضرت عباسؓ ◯ د۔ حضرت زبیرؓ ◯

صفحہ الٹیے

(ix) قرآن کریم کے کتنے نام خود آیاتِ قرآنیہ سے ماخوذ ہیں؟

الف۔ 55	◯	ب۔ 64	◯
ج۔ 32	◯	د۔ 100	◯

(x) 99ھجری صحابہ کرامؓ کی دنیا سے رخصتی پر کس کو علم حدیث کے اٹھ جانے کی فکر ہوئی؟

الف۔ عمر بن عبدالعزیزؒ	◯	ب۔ امام زہریؒ	◯
ج۔ امام مکحولؒ	◯	د۔ امام مالکؒ	◯

اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت

ماڈل سوالیہ پرچہ برائے سال 2024-23 ومابعد

وقت: 2:15 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر:40

نوٹ: حصہ دوم، حصہ سوم اور حصہ چہارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوّم (کل نمبر 16)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں پر مشتمل مختصر جوابات لکھیے۔ (8x2=16)

(i) شرک کا آغاز کیسے ہوا؟

(ii) روزوں کے بے اثر ہونے کے دو اسباب تحریر کریں۔ **(یا)** طاغوت سے کیا مراد ہے؟

(iii) ہمسایوں کے حقوق سے متعلق کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

(iv) جھوٹ کی تعریف میں آنے والے کم از کم چار اعمال کی نشاندہی کیجیے۔ **(یا)** قانون شکنی کی دو وجوہات تحریر کریں۔

(v) نماز ذکر کی افضل ترین شکل کیوں ہے؟

(vi) فتح مکہ کے موقع پر آپ ﷺ نے کون سی آیت پڑھ کر عام معافی کا اعلان فرمایا؟ **(یا)** تلاوتِ قرآن کے دوران صحابہ کرامؓ کی کیفیت کیا ہوتی تھی؟

(vii) ماں کی عظمت سے متعلق حدیث بمعہ ترجمہ لکھیں۔

(viii) صحاح ستہ اور اصول اربعہ میں سے دو دو کتابوں کے نام لکھیں۔

حصہ سوم (کل نمبر:16)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے مفصل جوابات تحریر کیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔ (8×2=16)

سوال نمبر 3: عقیدہ توحید سے انسان کے فکر و عمل اور شخصیت میں کیا نمایاں اور انقلابی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں؟ وضاحت کریں۔ (8)

یا

فرد کی تعمیرِ سیرت اور معاشرے کی تشکیل میں نماز کیا کردار ادا کرتی ہے؟ (4+4=8)

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل عنوانات پر نوٹ لکھیں:

الف: مکی اور مدنی سورتوں کی خصوصیات (4)　　ب: حضرت محمدؐ کی شفقت عورتوں پر (4)

حصہ چہارم (کل نمبر:08)

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل قرآنی آیت کا ترجمہ و تشریح لکھیں۔ (1+3=4)

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا　　(سورۃ آل عمران)

یا

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ　　(سورۃ النمل)

سوال نمبر 6: مندرجہ ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔ (2+2=4)

(i) مَنْ سَلَکَ طَرِيْقًا يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَکَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِيْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ

(ii) الصدق ينجى والكذب يهلك

* * * * *